## پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کا خاموش انقلاب کروٹ لے رہاہے،الطاف حسین

## غریب ومتوسط طبقہ کے لاکھوں کروڑوں عوام جاگیرداروں اوروڈیروں کے شکنجہ میں جکڑے ہوئے ہیں

## جاگیردارانہ نظام کے مظالم سےتنگ غریب عوام اپنے مسائل کےحل کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہونا چاہتے ہیں

## ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہےجس نے نہ صرف غریب ومتوسط طبقہ سے کےتعلیم یافتہ اور

## ایماندارافرادکوسینیٹ،قومی اورصوبائی اسمبلی کے ایوانوں میں بھی بھیجا ہے

## عزیزآباد میں ایم کیوایم کےمختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کے ایک خصوصی اجلاس سے ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔7،فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا فکروفلسفہ ملک بھر کےغریب ومتوسط طبقہ کےعوام میں تیزی سے پھیل رہاہےاور پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کا خاموش انقلاب کروٹ لے رہاہے۔یہ بات انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد میں ایم کیوایم کےمختلف شعبہ جات کے ذمہ داران کے ایک اجلاس سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ پاکستان کےغریب ومتوسط طبقہ کے لاکھوں کروڑوں عوام جاگیرداروں اوروڈیروں کے شکنجہ میں جکڑے ہوئے ہیں اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کےمظالم سےتنگ غریب عوام اپنے مسائل کےحل کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلےمتحد ہونا چاہتے ہیں اوروہ پس پشت رہ کرایم کیوایم کی حمایت کررہے ہیں کیونکہ انہیں ڈر ہے کہ اگر وہ کھل کر ایم کیوایم کی حمایت کریں گےتوان کے علاقوں کے جاگیرداراوروڈیرے ان غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے گھروں کوجلادیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہےجس نے نہ صرف غریب ومتوسط طبقہ سےجنم لیا ہے بلکہ اس جماعت نے غریب ومتوسط طبقہ کےتعلیم یافتہ اورایماندارافرادکوسینیٹ ،قومی اورصوبائی اسمبلی کے ایوانوں میں بھی بھیجا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج بھی ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کئے جارہے ہیں اورایم کیوایم کی جانب سے ان پروپیگنڈوں کا مدلل جواب بھی دیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جھوٹ بہت تیزی سے پھیلتا ہے جبکہ سچ دیر سے پھیلتا ہےلیکن آخر میں فتح سچ کی ہی ہوتی ہےاوریہی اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا فکروفلسفہ ملک بھر کےغریب ومتوسط طبقہ کےعوام میں تیزی سے پھیل رہاہےاور پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کا خاموش انقلاب کروٹ لے رہاہےاورانشاءاللہ وہ دن بہت جلد آئے گا جب غریب ومتوسط طبقہ کے خاموش انقلاب کا لاوا پھوٹے گا اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کوخش وخاشاک کی طرح بہا کرلے جائے گا۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کےتمام ذمہ داران پرزوردیا کہ وہ حالات پرگہری نظررکھیں،متحدومنظّم رہیں اورایم کیوایم کےفکروفلسفہ کےفروغ کیلئے اپنا بھرپورکرداراداکریں۔انہوں نے تمام ذمہ داران کوہدایت کی کہ وہ روزنامہ جنگ میں شائع ہونے والے انصارعباسی کے کالم کے جواب میں ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ عزیزآبادی کے کالم کونہ صرف خودبغور پڑھیں بلکہ اسےعوام میں پھیلانے کیلئے بھی اپنی تمام ترصلاحتیں بروئے کارلائیں۔

## ڈیرہ غازی خان ماتمی جلوس پرخودکش حملہ میں ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان کے قریبی رشتہ داروں کی ہلاکت پرجناب الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

لندن۔۔7فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ غازی خان میں ماتمی جلوس میں خودکش

افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے بلال بلوچ اورمرید حسین سمیت مرحومین کے تمام سوگوارن سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران و کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جناب الطاف حسین دعا کی اللہ تعالی مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارن کوصبر جمیل کی توفیق دے انہوں نے واقعہ میں زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے بھی بلال بلوچ اور مرید حسین کے قریبی عزیز واقارب کی ہلاک پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے تمام مرحومین کی مغفرت اور سوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## ڈیرہ غازی خان ماتمی جلوس میں خودکش حملہ میں ایم کیوایم پنجاب کے کارکنوں کے عزیز واقارب بھی ہلاک وزخمی ہوئے
## مرحومین کو ڈیرہ غازی خان کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا تدفین میں
## ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

کراچی۔۔7فروری2009ء۔۔۔

گزشتہ دنوں ڈیرہ غازی خان میں ماتمی جلوس پر خودکش حملہ کے نتیجہ میں متعدد افراد جاں بحق وزخمی ہوئے اس واقع میں ایم کیوایم پنجاب کے کارکن بلال بلوچ کے بہنوئی اور بھانجے سمیت دیگر قریبی عزیز واقارب جبکہ کارکن مرید حسین ایڈوکیٹ کے بھتیجے سمیت دیگر رشتہ دار بھی شہید وزخمی ہوئے ۔سانحہ کی اطلاع ملنے پر ایم کیوایم ضلعی انچارج ڈیرہ غازی خان یعقوب لاشاری اور کمیٹی کے ارکان شہید ہونے والوں کی رہائش گاہ پہنچ گئے اور مرحومین کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے مرحومین کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے ۔دریں اثناء واقعہ شہید ہونے والے افراد کو سینکڑوں آہوں اور سسکیوں کے درمیان ڈیرہ غازی خان کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ وتدفین میں ایم کیوایم ضلعی انچارج ڈیرہ غازی خان یعقوب لاشاری، ضلع کمیٹی کے ارکان وکارکنان، مرحومین کے عزیز واقارب اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی علاوں ازیں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ڈیرہ غازی اسپتال جاکر زخمیوں کی عیادت کی اوران کے اہل خانہ سے زخمیوں کی خیرت دریافت کی وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے انہوں نے زخمیوں کیلئے جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## لانگ مارچ کی اختراع ملک کوعدم استحکام کی جانب دھکیلنے کی سازش ہے
## نوازشریف میثاق جمہوریت پرعمل کرتے ہوئے جمہوری حکومت کونقصان پہنچانے سے باز رہیں، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔7رفروری2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ کے ارکان نے کہا ہے کہ ملک کی موجودہ صورتحال میں مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نوازشریف کی جانب سے لانگ مارچ کی اختراع ملک کوعدم استحکام کی جانب دھکیلنے کی سازش ہے ۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نوازشریف جس میثاق جمہوریت کا حوالہ دے کرمعزول چیف جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کی بات کررہے ہیں جبکہ افتخار چوہدری نہ صرف PCO کے تحت حلف اٹھانے والوں میں شامل ہیں بلکہ

اور صدر کے منصب رکھنے، انہیں انتخابات دو سال کیئے ملتوی کرنے اور وردی میں صدارتی انتخاب لڑنے کی اجازت دی۔ انہوں نے کہا کہ جس شخص کا دامن غیر جمہوری اور غیر آئینی اقدامات سے داغدار ہو اس شخص کی بحالی کیلئے ملک میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنے اور جمہوری حکومت کے خلاف سازش کرنے کا عمل کسطرح درست قرار دیا جاسکتا ہے۔ اے پی ایم ایس او کے ارکنان نے میاں نواز شریف پر زور دیا کہ وہ حقائق کو تسلیم کریں اور ملک وقوم عدم استحکام کا شکار بنانے کی سازش سے باز رہیں۔

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن مسعود ظفر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔7، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 172 کے کارکن مسعود ظفر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن کے بھائی، ملیر سیکٹر کے کارکن کی اہلیہ، نائن زیرو کی پڑوسن اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن مسعود ظفر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 172 کے کارکن مسعود ظفر، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 172 کے کارکن سعید حمیدی کے بڑے بھائی حسن عمران، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن سہیل اختر کی اہلیہ محترمہ امبر ناز اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کی پڑوسن محترمہ عزیزہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## محنت کشوں کا درخشاں مستقبل بھی متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرستانہ اور عملی جدوجہد سے ہی وابستہ ہے، مظہر حسین

## پی ٹی سی ایل انتظامیہ اپنا مزدور دشمن رویہ تبدیل کرے اور محنت کشوں کا استحصال بند کرے

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ یونٹ کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔7، فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ محنت کشوں کے جائز حقوق سے کبھی بھی ایک قدم پیچھے نہیں ہٹی اور محنت کشوں کا درخشاں مستقبل بھی متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرستانہ اور عملی جدوجہد سے ہی وابستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز آئی آئی چندریگر روڈ پر واقع جی ایم آفس میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ یونٹ کے کارکنان کے ایک بڑے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن [illegible]

ادارے کے محنت کشوں کی ترقی وخوشحالی سے ہی وابستہ ہے لیکن پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ مزدور دشمنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزدوروں کا استحصال کررہی ہے اورادارے کی میڈیکل کے حوالے سے ناقص پالیسی کے باعث ناظم آباد ایکسچینج کا لائن مین سہیل جاں بحق ہو چکا ہے جس کے باعث محنت کشوں میں شدید بے چینی اوراضطراب پایا جارہا ہے۔انہوں نے کارکنان کوتلقین کی کہ وہ ادارے میں اپنے عمل وکردارکومزید بہتر بنائیں، اپنی ڈیوٹی ایمانداری سے سرانجام دیں اوراپنی صفوں میں اتحادواتفاق برقرار رکھیں۔اجلاس سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے رکن ذکی قادری نے بھی خطاب کیا جبکہ اجلاس کے اختتام پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد عوام کے اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے ہے، فرخ اعظم

### کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت گلشن حدید، شاہ لطیف ٹاؤن اور گھگھر کے یونٹوں میں منعقدہ کارکنان کی تربیتی نشستوں سے خطاب

کراچی۔۔۔7، فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ نظریاتی بنیادوں پر مستحکم، پختہ اورمضبوط کارکنان کسی بھی تحریک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ایم کیوایم عوام کے اجتماعی مفادات کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے اوراس جدوجہد میں جہاں ایم کیوایم کو کامیابیاں مل رہی ہیں وہیں سازشی عناصر کی جانب سے اس میں روڑے اٹکائے جارہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز بن قاسم سیکٹر کے گلشن حدید، شاہ لطیف ٹاؤن اور گھگھر کے یونٹوں میں منعقدہ کارکنان کی علیحدہ علیحدہ تربیتی نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے رکن ممتازعلی بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ نظریاتی تحریکیں انفرادی مفادات کے حصول کیلئے نہیں بلکہ اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے چلائی جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ انقلابی تحریکوں کی تاریخ بتاتی ہے کہ ہمت وعزم عمل اوراپنے نظریئے سے سچی لگن کی خاطر ضرورت پڑنے پر اپنے انفرادی، ذاتی اورخاندانی مفادات کوتحریک کے اجتماعی مفادات پرقربان کرنا پڑتا ہے اورقائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد بھی عوام کے اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے ہے۔

☆☆☆☆☆